मौलाना आज़ाद नेशनल उर्दू यूनिवर्सिटी مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی
MAULANA AZAD NATIONAL URDU UNIVERSITY
پارلیمانی ایکٹ کے تحت ۱۹۹۸ء میں قائم شدہ مرکزی جامعہ
(این اے اے سی سے منظور شدہ ''اے'' گریڈ)

ایف نمبر/صیغۂ منتظمہ و بھرتی -I (B) /مسل 292/2019/1543 6/فروری 2019

اعلامیہ

یونیورسٹی نے علمی سرقہ کی روک تھام کے لیے یو جی سی قواعد کو جو سرکاری گزٹ میں 31/ جولائی 2018 کو شائع ہوئے اور یو جی سی کے مکتوب نمبر F-1-18/2010 (CPP) مورخہ 6.9.2018 (مسلک نقل) کے ذریعہ وصول ہوئے اختیار کرلیا ہے۔ یونیورسٹی کے طلبہ، ریسرچ اسکالرس اساتذہ اور اسٹاف کا اس کے ذریعہ احاطہ کیا جائے گا۔ یونیورسٹی کے اعلامیہ نمبر صیغۂ منتظمہ و بھرتی -I(B)/ مسل 282 مورخہ 21/دسمبر 2018 کے ذریعہ پہلے ہی اس کی اطلاع دی جاچکی ہے۔

2. مجلس انتظامی کے 72 ویں اجلاس منعقدہ 27/دسمبر 2018 میں منظور کی گئی قرارداد نمبر 72.5.2 کے مطابق ادارہ جاتی تعلیمی دیانتداری کے پینل (آئی اے آئی پی) کا قیام عمل میں لاتے ہوئے وائس چانسلر نے مسرت کا اظہار کیا ہے۔ یو جی سی کے فقرہ 11 (اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیمی دیانتداری کے فروغ اور انسدادِ علمی سرقہ) قواعد 2018 کے لزوم کے مطابق حسب ذیل ہیئت کے ساتھ اسے تشکیل دیا گیا ہے۔

سلسلہ نشان	ترکیب	عہدہ
1.	صدر نشین (پرو وائس چانسلر/ ڈین/ یونیورسٹی کے سینئر استاد)	**پروفیسر فاطمہ بیگم**، ڈین اسکول برائے تعلیم و تربیت
2.	صدر نشین کے علاوہ وائس چانسلر کا نامزد کردہ ایک اور سینئر استاد	**ڈاکٹر سید علیم اشرف**، صدر شعبۂ عربی
3.	وائس چانسلر کے نامزد کردہ ادارہ سے باہر کے ایک رکن	**پروفیسر اثمر بیگ**، شعبۂ سیاسیات، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی
4.	انسداد علمی سرقہ کے طریقوں سے بخوبی واقف ایک فرد	**ڈاکٹر اختر پرویز**، یونیورسٹی لائبریرین

سیکشن آفیسر منتظمہ و بھرتی -I IAIP کا تعاون کریں گے۔

3. آئی اے آئی پی یو جی سی (اعلیٰ تعلیمی اداروں میں تعلیمی دیانتداری کا فروغ اور انسدادِ علمی سرقہ) کے قواعد 2018 کے تحت کام کرے گی۔

4. اراکین کمیٹی بشمول صدر نشین کی میعاد 3 سال ہوگی۔ اجلاس کے انعقاد کے لیے کمیٹی کورم کم از کم 4 کے منجملہ 3 کی حاضری ہوگی جس میں صدر نشین شامل ہوں گے۔

5. آئی اے آئی پی اراکین یونیورسٹی کے طلبہ، اساتذہ، ریسرچ اسکالرس یا اسٹاف پر لگائے گئے علمی سرقہ کے الزامات کی سماعت کے ذریعہ فیصلہ کرتے ہوئے فطری انصاف کو یقینی بنائیں گے۔

6. آئی اے آئی پی اراکین اپنی تحقیقات کی رپورٹ حوالہ/ شکایت/ کارروائی کے آغاز کے اندرون 45 دن، وائس چانسلر کو دیں گے۔

مسجّل

نقل برائے:

1. پروفیسر فاطمہ بیگم، ڈین اسکول برائے تعلیم و تربیت
2. ڈاکٹر سید علیم اشرف، صدر شعبۂ عربی
3. پروفیسر اثمر بیگ، شعبۂ سیاسیات، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ
4. ڈاکٹر اختر پرویز، یونیورسٹی لائبریرین
5. تمام ڈین برائے اسکول/صدور شعبہ جات/ مراکز کے ڈائرکٹرس/ جوائنٹ ڈین (تعلیمات)/ ڈی ایس ڈبلیو/ کنٹرولر امتحانات/ ڈائرکٹر آئی کیو اے سی
6. ڈائرکٹر نظامت فاصلاتی تعلیم/ علاقائی مراکز/ ذیلی علاقائی مراکز/ پرنسپل سی ٹی ایز/ پالی ٹیکنیکس/ ماڈل اسکولس/ انچارج لکھنؤ اور بڈگام کیمپسیس
7. تمام صدور صیغہ جات/ جے آرس/ ڈی آرس/ اے آرس
8. ڈائرکٹر، سی آئی ٹی .... یونیورسٹی ویب سائٹ کے لیے۔
9. پی آر او/ ہندی سیل برائے ترجمہ